# جائزہ از چیئر مین

انتہائی مسرت کے ساتھ آپکی خدمت میں کمپنی سے متعلق مالیاتی و دیگر معلومات بابت مالی سال 30 ستمبر 2017 پیش کی جارہی ہیں، نیز بورڈ کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے اہداف کے حصول، کاروباری مقاصد اور کمپنی کے وژن اور مشن کے مطابق طے کی جانے والی حکمت عملی کے ضمن میں بورڈ کی جانب سے ادا کئے جانے والے کردار کی روشنی میں بھی ان معلومات کو جانچنا مقصود ہے۔

زیر نظر سال کے دوران آپکی کمپنی نا صرف دیگر متصل ملوں کے مقابلے میں گنے کی قیمت کو قابل برداشت حد تک رکھنے میں کامیاب رہی بلکہ انتظامیہ کی جانب سے پیداوار کیلئے مقرر شدہ ہدف کے حصول کو بھی ممکن بنایا گیا۔ تاہم وفاقی حکومت کی جانب سے چینی کو برآمد کئے جانے کی اجازت ملنے کے باوجود چینی کے نرخ میں مندی کا رجحان پایا گیا۔ چینی کے نرخ میں مندی کے رجحان کی وجہ سے اکثر دیگر شوگر ملوں کے ساتھ ساتھ ہماری کمپنی کو منفی نتائج کا سامنا کرنا پڑا۔

پیداوار میں توسیع کے منصوبے پر کام جاری ہے اور انتظامیہ پہلے سے طے شدہ منصوبے کے تحت صحیح سمت میں کام کررہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ پیداوار میں توسیعی منصوبے کی آزمائش 18-2017 کے حالیہ سیزن کے دوران ہی کرلی جائے۔

یہ بات بھی آپکے علم میں لانا ضروری سمجھتا ہوں کہ بورڈ کی مجموعی کارکردگی کو مؤثر اور اطمینان بخش پایا گیا۔ آپکے بورڈ کی جانب سے ازخود بھی سالانہ جائزے اور مباحث میں اپنی کارکردگی کا انفرادی اور مجموعی جائزہ لیا گیا۔ بورڈ کی جانب سے ازخود جائزے کے دوران بورڈ کی مجموعی کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیئے جانے کے ساتھ ساتھ ان مقامات کی نشاندہی بھی کی گئی جہاں اصلاح کی ضرورت ہے تاکہ کارپوریٹ کے سنہرے اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے بورڈ اپنی کارکردگی میں مزید نکھار پیدا کرسکے۔

بورڈ کے چیئر مین ہونے کے ناطے میری جانب سے دوران سال بورڈ کے اجلاسوں کیلئے ایجنڈے بھی مرتب کئے گئے تھے اور اس بات کو یقینی بنانے کی بھی پوری کوشش کی گئی تھی کہ ان ایجنڈوں پر بحث وتمحیص کیلئے خاطر خواہ وقت بھی دستیاب ہو۔ ان اجلاسوں کے انعقاد سے ماقبل معقول وقت کے اندر اندر ان اجلاسوں سے متعلق دستاویزات، ورکنگ پیپرز اور ایجنڈوں کو باقاعدہ تحریری طور پر متعلقہ افراد کو مہیا کردیا گیا تھا۔ مزید برآں، میری جانب سے اس بات کو ممکن بنانے پر بھرپور توجہ دی گئی ہے کہ بورڈ اپنی ذمہ داریوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے مؤثر کردار ادا کرے اور اس بات کی قوی امید ہے کہ مستقبل میں بورڈ کی جانب سے بہتر اور زیادہ مؤثر کارکردگی کا مظاہرہ کیا جائے گا۔

میں تمام منتظمین، افسران، اسٹاف ممبران اور دیگر ملازمین کی جانب سے کمپنی کے معاملات کو مستعد انداز سے چلانے کیلئے انکے اخلاص، ایمانداری اور محنت کیلئے تہہ دل سے ان کا مشکور ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ مستقبل میں بھی ان کی جانب سے کمپنی پیداواریت میں اضافے کیلئے اسی جوش وجذبے کا مظاہرہ کیا جائے گا اور اللہ رب العزت کی رحمت ہمارے شامل حال رہے گی۔ نیز میں کمپنی کی بہبود اور ترقی کے ضمن میں تمام سرکاری عمال، بینکاروں اور غیر بینکاری مالیاتی اداروں، سپلائروں اور حصص داران کی جانب سے انکے تعاون اور حمایت کیلئے ان کا بے حد مشکور ہوں۔

کراچی: 30 دسمبر 2017

غلام دستگیر راجڑ

چیئر مین